العقیدة الطحاویه

معروضی سوالات

مؤلفہ: سیّدہ ام زینب

مزید نوٹس کے لیے رابطہ کریں:

0302-4154930



Date: 31-10-2025 Day: M T W T F S

بسم اللہ الرحمن الرحیم

"عقیدہ طحاویہ" :— "معروضی سوالات" :— 40%

مقدمہ :— عقیدہ نمبر 01 تا 60 :—

01 :— امام طحاوی کا پورا نام کیا تھا؟

• احمد بن سلامہ بن محمد • محمد بن احمد بن سلامہ • احمد بن محمد بن سلامہ • سلامہ بن محمد بن احمد

02 :— امام طحاوی کی کنیت کیا تھی؟

• ابو عبداللہ • ابوجعفر • ابوبکر • ابو یوسف

03 :— امام طحاوی کا تعلق کس قبیلے سے تھا؟

• خزرجی • تمیمی • قریشی • ازدی

04 :— امام طحاوی کا فقہی مسلک کیا تھا؟

• حنفی • شافعی • مالکی • حنبلی

05 :— امام طحاوی کا تعلق کس ملک سے تھا؟

• شام • بغداد • مصر • حجاز

06 :— امام طحاوی کی ولادت کب ہوئی؟

• 321ھ • 230ھ • 300ھ • 231ھ

07 :— امام طحاوی کی وفات کب ہوئی؟

• 230ھ • 231ھ • 330ھ • 321ھ

08 :— امام طحاوی پہلے کس کے شاگرد تھے؟

• مزنی شافعی کے • ابوحنیفہ کے • احمد بن حنبل کے • مالک بن انس کے

09 :— امام طحاوی کثرت سے کس کی کتابوں کا مطالعہ کیا کرتے تھے؟

• امام شافعی • امام مالک • امام ابوحنیفہ • امام احمد

Date: ____________ Day: M T W T F S

10۔ مزنی نے امام طحاوی سے کیا کہا؟

- تم فقیہ ہو گے
- تم محدث ہو گے
- واللہ! تم سے کچھ نہیں بنے گا
- تم بڑے امام ہو گے

11۔ امام طحاوی نے کس مذہب پر فقہ حاصل کی؟

- شافعی
- حنبلی
- مالکی
- حنفی

12۔ امام طحاوی نے فقہ کس سے حاصل کی؟

- ابو جعفر احمد بن ابی عمران
- ابو عبید
- سیوطی
- ابن عابدین

13۔ امام طحاوی کس علم میں امام تھے؟

- نحو میں
- احادیث و اخبار میں
- فقہ میں
- تفسیر میں

14۔ امام طحاوی نے حدیث کن سے سنی؟

- صرف مصریوں سے
- صرف غیر ملکیوں سے
- مصریوں اور غیر ملکیوں دونوں سے
- کسی سے نہیں

15۔ امام طحاوی کی ایک مشہور کتاب ہے؟

- المغنی
- الموطا
- المدونۃ
- احکام القرآن

16۔ امام طحاوی کی کتاب "معانی الآثار" کس فن سے متعلق ہے؟

- حدیث و فقہ
- اصول فقہ
- نحو
- تفسیر

17۔ امام طحاوی کی "شرح الجامع الکبیر" اور "شرح الجامع الصغیر" کس کتاب پر ہیں؟

- امام شافعی کی
- امام محمد کی
- امام مالک کی
- امام احمد کی

18۔ امام طحاوی کی نسبت "الطحاوی" کس جگہ کی طرف ہے؟

- بغداد
- دمشق
- طحیۃ
- کوفہ

19۔ "طحیۃ" کہاں واقع ہے؟

- شام
- ملتان
- بغداد
- صعید مصر

20۔ مصر میں فقہاء حنفیہ کی امامت کہاں ختم ہوئی

- امام طحاوی پر
- ابن عابدین پر
- امام محمد پر
- امام ابو یوسف پر

21۔ امام طحاوی فقہاء کے کس طبقے سے تعلق رکھتے تھے؟

- پہلی
- تیسری
- دوسری
- ساتویں

22. فقہاء کی کل کتنی طبقات کا ذکر ابن عابدین نے کیا ہے؟

• تین • سات • پانچ • نو

23. امام طحاوی کس قسم کے مجتہدین میں سے تھے؟

• اہل روایت • اہل ترجیح • اہل اجتہاد فی المسائل • اہل حدیث

24. امام طحاوی نے عقیدہ طحاویہ میں کس کا عقیدہ بیان کیا؟

• اہل بدعت کا • فلسفیوں کا • صوفیوں کا • اہل سنت والجماعت کا

25. امام طحاوی نے عقیدہ کس مذہب کے مطابق بیان کیا؟

• امام ابو حنیفہ اور آپکے شاگردوں کے مذہب پر • امام شافعی کے مذہب پر • امام مالک کے مذہب پر • امام احمد بن حنبل کے مذہب پر

26. اللہ تعالیٰ کے بارے میں ہمارا عقیدہ کیا ہے؟

• اللہ تین اقانیم میں ہے • اللہ مخلوق کی طرح ہے • اللہ محدود ہے • اللہ ایک ہے اسکا کوئی شریک نہیں

27. اللہ تعالیٰ کے لیے کوئی چیز باعث عجز نہیں کیونکہ

• فرشتے اسکے کام میں مدد کرتے ہیں • ولا شئ يعجزه • وہ کبھی کبھی عاجز ہو جاتا ہے • کوئی چیز اسکو عاجز کر دیتی ہے

28. "قدیم بلا ابتداء" کا مطلب ہے؟

• اللہ کی کوئی انتہا نہیں • اللہ قادر ہے • اللہ ہمیشہ سے ہے اسکی کوئی ابتداء نہیں • اللہ قائم بنفسہ ہے

29. "دائم بلا انتہاء" کا مطلب ہے؟

• وہ ہمیشہ باقی رہنے والا ہے۔ • وہ قائم بنفسہ ہے • وہ حی ہے کبھی فنا نہیں ہوگا • وہ موجود و باقی ہے

30. "ولا تبلغه الأوهام ولا تدركه الأفهام" کا مفہوم ہے؟

• وہ مخلوق کی سمجھ سے بلند ہے • اسکی ذات فکر و وہم سے بالا ہے • وہ ہر ادراک سے برتر ہے • عقل و خیال اسکی حقیقت تک نہیں پہنچ سکتے

31. "خالق بلا حاجة" سے مراد ہے:

• وہ ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے • وہ خالق ہے مگر کسی کا محتاج نہیں • اسکی تخلیق اسکی قدرت کی نشانی ہے • وہ خالق ہے مگر مخلوق پر منحصر نہیں

32. "رازق بلا مؤنة" کا مفہوم ہے:

• اسکی رزاقیت کامل و جاری ہے • وہ سب کو رزق عطا کرنے والا ہے • وہ رزق دینے والا ہے بغیر مشقت کے • اسکی عطا میں کوئی رکاوٹ نہیں

33. "ما زال بصفاته قديما قبل خلقه" سے کیا مراد ہے؟

• وہ اپنی صفات کے ساتھ ہمیشہ سے ہے • اسکی صفات ازلی و ابدی ہیں • صفات الٰہی حادث نہیں • وہ خالق ہے

Date: ____________ Day: M T W T F S

34۔ اللہ تعالیٰ کو "الخالق" کہا گیا؟

• خالق ہونا اسکی ازلی صفت ہے • وہ مخلوق سے پہلے ہی خالق تھا • وہ ہمیشہ سے خالق ہے • ان میں سے کوئی نہیں

35۔ "کما انہ محیی الموتی بعد ما احیاھم" کا مفہوم ہے:

• وہ زندہ کرنے والا ہے جیسا کہ پہلے زندہ کیا • وہ سمیع و مجیب ہے • زندگی و موت اسی کے قبضے میں ہے • یہ تمام

36۔ اللہ کی قدرت کے بارے میں عقیدہ کیا ہے؟

• وہ صرف بڑی چیزوں پر قادر ہے • وہ ہر کام اپنی حکمت سے فرماتا ہے • وہ ہر چیز پر کامل قدرت رکھنے والا ہے • قدرت میں کسی کا شریک نہیں

37۔ "وکل شیء الیہ فقیر" سے کیا معلوم ہوتا ہے؟

• انسان محتاج نہیں • مخلوقات ایک دوسرے کی ضرورت مند ہیں • سب کچھ اسی کے سہارے قائم ہے • ہر مخلوق اپنے رب کی محتاج ہے

38۔ "وکل امر علیہ یسیر" سے کیا ظاہر ہوتا ہے؟

• بعض امور میں تاخیر ممکن ہوتی ہے • اللہ کیلئے ہر کام نہایت آسان ہے • بڑے کاموں کو مشکل سمجھتے ہیں • اللہ کے فیصلے بہترین انداز سے ہوتے ہیں

39۔ "لا یحتاج الی شیء" کا عقیدہ کیا سکھاتا ہے؟

• وہ کسی کا محتاج نہیں • اسکی ذات بے نیاز ہے • تمام مخلوقات اسکی محتاج ہیں • کسی واسطے کا محتاج نہیں

40۔ "لیس کمثلہ شیء" کا خلاصہ کیا ہے؟

• اس کی مثال مخلوق نہیں دے سکتی • وہ ہر عیب سے منزہ ہے • اسکی کوئی مثل نہیں • یہ تمام

41۔ "وھو السمیع البصیر" سے کون سا وصف ظاہر ہوتا ہے؟

• اسکی سماعت و بصارت کامل ہے • اسکا علم ہر شے پر محیط ہے • اسکی نظر کسی سے پوشیدہ نہیں • وہ سننے والا اور دیکھنے والا ہے

42۔ "خلق الخلق بعلمہ" کا مفہوم ہے:

• اللہ نے مخلوق کو اپنے علم و حکمت کے مطابق پیدا کیا • مخلوق اسکے علم سے ظاہر ہوئی • کوئی شے اس کے علم سے باہر نہیں • یہ تمام

43۔ "قدر لھم اقدارا" کا مطلب ہے:

• ہر چیز اس کے علم و ارادے سے طے ہے • ہر مخلوق کیلئے ایک اندازہ مقرر ہے • اس نے سب کیلئے تقدیر مقرر فرمائی • کوئی نہیں

44۔ "وضرب لھم آجالا" کا مفہوم کیا ہے؟

• کسی کی زندگی اس کے علم سے باہر نہیں • ہر مخلوق کی مدت حیات اس نے مقرر کی • وقت موت اسکی مشیت سے طے ہے • عمر کا آغاز و انتہا اسی کی

45۔ "لم یخف علیہ شیء من افعالھم" کا مطلب ہے:

• وہ ظاہر و باطن سب جانتا ہے • ہر نیت اسکے علم میں ہے • اسکا علم سب پر محیط ہے • مخلوق کا کوئی عمل اس سے پوشیدہ نہیں

Date: ________ Day: M T W T F S

46۔ "وامرھم بطاعتہ ونھاھم عن معصیتہ" سے کیا ظاہر ہوتا ہے؟

• اطاعت بندے کیلئے باعث رحمت ہے • نافرمانی اسکی ناراضگی کا سبب ہے • اطاعت کا حکم دیا نافرمانی سے منع کیا • عبادت اس کا قرب کا ذریعہ ہے

47۔ "وکل شیء یجری بقدرتہ ومشیئتہ" کا عقیدہ کیا ہے؟

• ہر کام اس کی قدرت و مشیت سے ہوتا ہے • سب کچھ اسی کے ارادے سے وابستہ ہے • ہر لمحہ اسکی تدبیر جاری ہے • کوئی کام اسکی اجازت کے بغیر نہیں

48۔ "ولا مشیئۃ للعباد الا ماشاء لھم" سے کیا سکھایا جاتا ہے؟

• بندے اختیار رکھتے ہیں مگر اللہ کے ارادے سے • بندوں کی مشیت اللہ کی مشیت کے تابع ہے • ہر ارادہ اسی کے ارادے کا محتاج ہے • یہ تمام

49۔ "فماشاء لھم کان ومالم یشاء لم یکن" کا خلاصہ کیا ہے؟

• اسکے فیصلے ہر چیز پر غالب ہیں • جو نہ چاہے وہ کبھی نہیں ہوتا • سب کچھ اسی کے حکم سے ہے • جو چاہے وہی ہوتا ہے جو نہ چاہے وہ نہیں ہوتا

50۔ "یھدی من یشاء ویعصم ویعافی من یشاء فضلاً" سے کیا ظاہر ہوتا ہے؟

• ہدایت، حفاظت اور عافیت سب اسکے فضل سے ہے • نیکی اس کے کرم سے نصیب ہوتی ہے • بھلائی اسی کی عطا سے ہے • ان میں سے کوئی نہیں

51۔ شریک، مثل اور ہمسری سے پاک ذات کون سی ہے؟

• فرشتے • انبیاء • اللہ تعالیٰ • انسان

52۔ "لا راد لقضائہ" کا مطلب ہے:

• وہ جو طے کرے وہی ہوتا ہے • اسکی قضا میں تغیر نہیں • اس کے فیصلے کو کوئی ٹال نہیں سکتا • یہ تمام

53۔ کیا اللہ کے حکم پر کوئی نظر ثانی کر سکتا ہے؟

• نہیں • ہاں • معلوم نہیں • ان میں سے کوئی نہیں

54۔ "ولا غالب لامرہ" کا خلاصہ کیا ہے؟

• اسکا حکم ہمیشہ نافذ ہوتا ہے • کوئی اسکے ارادے کو روک نہیں سکتا • سب اس کے حکم کے تابع ہیں • اس کے امر پر کوئی غالب نہیں

55۔ "امنا بذلک کلہ" ایمان کی کیا کیفیت ظاہر کرتا ہے؟

• مکمل ایمان و تسلیم • دل سے یقین، زبان سے تصدیق • قول و عمل کا اتحاد • اخلاص کے ساتھ ایمان

56۔ "وان محمداً عبدہ المصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم" سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا کیا وصف ظاہر ہوتا ہے؟

• آپکو نبوت عطا ہوئی • آپ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے افضل انسان ہیں • آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے برگزیدہ و منتخب بندے ہیں • آپ صلی اللہ علیہ وسلم کامل ہیں

57۔ "خاتم الانبیاء" کس نبی کو کہا گیا ہے؟

• حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم • حضرت موسیٰ علیہ السلام • حضرت داؤد علیہ السلام • حضرت نوح علیہ السلام

58. اگر کوئی جانِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد نبوت کا دعویٰ کرے وہ کیا ہے؟

• کافر • گمراہ • بددین • یہ تمام

59. قرآن حقیقی طور پر کس کا کلام ہے؟

• اللہ عزوجل کا • انبیاء کا • فرشتوں کا • انسانوں کا

60. اللہ نے اپنے کلام کی ابتداء فرمائی؟

• بغیر آواز و لہجہ کے • بغیر حروف الفاظ کے • بغیر کیفیت کے • ان میں سے کوئی نہیں

61. قرآن کریم پیارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم پر کس کے ذریعے نازل ہوا

• براہ راست بغیر واسطے کے • وحی کے ذریعے • خواب کے ذریعے • فرشتوں کے بغیر خود بخود

62. اللہ تعالیٰ کا کلام (قرآن) ہے؟

• مخلوق کی مانند • بشر کا قول • فرشتوں کا بیان • خالق کا کلام، غیر مخلوق

63. جس نے قرآن کو بشر کا کلام کہا، اس کا حکم ہے؟

• وہ گمراہ ہے • وہ کافر ہے • وہ فاسق ہے • وہ منافق ہے

64. جس نے کہا کہ "یہ بشر کا قول ہے" اس کے لیے کیا وعید ہے؟

• جنت سے محرومی • دنیا کی ہلاکت • دوزخ (سقر) میں ڈالنا • ایمان کی کمزوری

65. اللہ کو مخلوق کے اوصاف سے متصف کرنا کیا ہے؟

• کفر ہے • گناہ صغیرہ ہے • مکروہ ہے • اجتہادی خطا ہے۔

66. اہل جنت اللہ تعالیٰ کا دیدار کریں گے؟

• خواب میں • صرف دل کے احساس سے • صرف فرشتوں کے ذریعے • بغیر کیفیت اور بغیر احاطہ کے

67. صفات باری تعالیٰ کی تاویل اپنی رائے سے کرنا؟

• علمی تحقیق ہے • باطل اور ممنوع ہے • درست تاویل ہے • لازم ہے

68. اسلام کی بنیاد کس چیز پر قائم ہے؟

• عقل و منطق پر • بحث و مناظرہ پر • تسلیم و فرمانبرداری پر • علم کلام پر

69. رویت الٰہی کے بارے میں اہل ایمان کا عقیدہ کیا ہے؟

• اللہ کا دیدار حق ہے بغیر کیفیت کے • اللہ کا دیدار ممکن نہیں ہے • عقل سے سمجھنے کی کوشش کی جائے • تاویل کرنا لازم ہے

70. اللہ کی صفات میں سے کون سی صفات امام طحاوی کے مطابق مشتمل ہیں؟

- تشبیہ و مشابہت
- محدودیت و حادثیت
- وحدانیت و یکتائی
- عجز و محتاجی

71. "لیس معناہ أحد من البریۃ" کے تحت کون سی بات عقیدے میں بیان ہوئی

- اللہ مخلوق کے مشابہ نہیں
- اللہ مخلوق میں حلول کر سکتا ہے
- اللہ مخلوق کا محتاج نہیں
- اللہ جسم رکھتا ہے

72. اللہ تعالیٰ کیلئے "تعالی اللہ عن الحدود والغایات" کا مفہوم کیا ہے؟

- اللہ محدود وقت و مکان میں ہے
- اللہ کسی جسم یا سمت میں ہے
- اللہ مخلوق کا تابع ہے
- اللہ ہر حد اور انتہا سے بالاتر ہے۔

73. معراج نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کس طرح ہوئی؟

- خواب میں
- بیداری میں جسم و روح کے ساتھ
- محض روحانی کشف
- بیداری میں جسم کے ساتھ

74. حوض کوثر کے بارے میں عقیدہ ہے۔

- یہ صرف خیال ہے
- یہ خواب میں دیکھا گیا
- یہ محض ایک خیال ہے۔
- یہ حقیقت ہے اللہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا [illegible]

75. شفاعت کبریٰ کا مفہوم کیا ہے؟

- نبیوں کے لیے مقام
- جنت میں مقام
- امت کیلئے بخشش کی سفارش
- جہاد کی فضیلت

76. میثاق آدم علیہ السلام کیا ہے؟

- اولادِ آدم سے ربوبیت کا عہد
- نبیوں سے وعدہ
- جنت کا وعدہ
- فرشتوں کی بیعت

77. اللہ تعالیٰ کو اپنے بندوں کے جنت و دوزخ میں داخل ہونے کا علم کب سے ہے؟

- جب مخلوق پیدا ہوئی
- ہمیشہ سے (ازل سے)
- قیامت کے دن
- اعمال کے بعد

78. انسان کے اعمال کا فیصلہ کس پر موقوف ہے؟

- آغاز پر
- عمل پر
- نیت پر
- انجام (خواتیم) پر

79. سعادت اور شقاوت کس کے فیصلے سے ہیں؟

- بندے کی مرضی
- شیطان کی وسوسہ سے
- اللہ کی قضا و قدر سے
- فرشتوں کے ارادے سے

80. "أصل القدر سر اللہ في خلقه" سے کیا مراد ہے؟

- تقدیر ایک کھلا راز ہے
- تقدیر اللہ کا پوشیدہ راز ہے
- تقدیر بندوں کا علم ہے
- تقدیر نبیوں کا سہارا ہے

81. جس نے سوال کیا "اللہ نے ایسا کیوں کیا" اس کے بارے میں کیا فرمایا گیا؟

- وہ متجسس ہے
- وہ مجتہد ہے
- وہ عالم ہے
- اس نے کتاب اللہ کے حکم کا انکار کیا

Date: ____________ Day: M T W T F S

82. جس نے اللہ کی کتاب کے حکم کو رد کیا وہ کیا ہے؟
- گناہ گار
- نادان
- کافر
- غافل

83. اللہ تعالیٰ نے ازل میں کیا جان لیا؟
- انسانوں کی عمریں
- زمین کی لمبائی
- آسمانوں کا رنگ
- جنتیوں اور دوزخیوں کی تعداد

84. کیا اللہ کو چھ جہتیں گھیر سکتی ہیں؟
- نہیں وہ ان سے پاک ہے
- ہاں گھیرتی ہیں
- صرف اوپر والی جہت گھیرتی ہے
- صرف نیچے والی

85. اللہ تعالیٰ کس چیز سے پاک ہے؟
- علم و قدرت سے
- حدود، غایات، ارکان اور آلات سے
- حیات و بقا سے
- عرش و کرسی سے

86. تقدیر میں غور و فکر کرنے کا نتیجہ کیا ہے؟
- علم و نور
- فہم و معرفت
- گمراہی و محرومی
- سعادت

87. تقدیر کے بارے میں کیا حکم ہے؟
- اس پر مناظرہ کرنا
- اس کی تحقیق کرنا
- اس پر کلام کرنا
- اس میں نظر و فکر اور وسوسے سے بچنا

88. عقائد طحاویہ میں کن باتوں سے احتیاط ضروری ہے؟
- تشبیہ، تجسیم، اور تقدیر میں غور و فکر سے
- عبادت میں
- احادیث میں
- ان میں سے کوئی نہیں

تمت بالخیر

وآخر دعوانا أن الحمد لله الذي بنعمته تتم الصالحات

تم بحمد الله وتوفيقه. وصلى الله على سيدنا محمد

وآله وصحبه أجمعين